حکومتِ پاکستان

مئی

۲۰۲۶

# ہفتہ وار موسم کی صورتحال



ہفتہ-1

1-7 مئی




قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر۔ ۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۸\۲

اسلام آباد، پاکستان

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT

# حکومت پاکستان
# محکمہ موسمیات
## قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز



فون:9250598- 051

فیکس:9250368- 051



## ہفتہ وار موسم کی صورتحال

11 مئی ۲۰۲۶

مئی 2026 کے پہلے ہفتے (1 تا 7 مئی) کے دوران خیبر پختونخوا کے بالائی علاقوں، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر اور پنجاب کے کچھ حصوں میں ہلکی سے درمیانی بارش ریکارڈ کی گئی، جیسا کہ تصویر 1 میں دکھایا گیا ہے۔ اس کے برعکس بلوچستان اور سندھ میں زیادہ تر موسم خشک رہا۔ تصویر 2 میں ہفتہ وار بارش کا معمول (1991–2020) سے موازنہ بتاتا ہے ،جس کے مطابق ملک بھر میں بارش معمول سے کم رہی، خاص طور پر سندھ، بلوچستان، اور خیبر پختونخوا کے بعض علاقوں میں جہاں منفی انحراف منفی 25 ملی میٹر تک ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے برعکس بالائی پنجاب اور ملحقہ شمالی علاقوں کے کچھ حصوں میں معمول سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی، جہاں مثبت انحراف تقریباً 5 ملی میٹر سے 40 ملی میٹر کے درمیان رہا۔





تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم





تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر 3 مئی 2026 کے پہلے ہفتے (1 تا 7 مئی) کے دوران پاکستان میں اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم کو ظاہر کرتی ہے۔ جس کے مطابق ملک بھر میں اوسط درجہ حرارت تقریباً 12 ڈگری سینٹی گریڈ سے 38 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ سندھ، جنوبی پنجاب، اور بلوچستان کے جنوبی تا مغربی حصوں میں سب سے زیادہ اوسط درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا، جو 30 ڈگری سینٹی گریڈ سے 38 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان تھا۔ جبکہ ملک کے وسطی اور بالائی علاقوں میں نسبتاً کم اوسط درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا، جو 12 ڈگری سینٹی گریڈ سے 30 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔
تصویر 4 مئی 2026 کے پہلے ہفتے (1 تا 7 مئی) کے دوران پاکستان میں اوسط درجہ حرارت کے موسمیاتی معمول (1991–2020) سے انحراف کو ظاہر کرتی ہے۔ اس عرصے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہا۔ ملک کے زیادہ تر علاقوں میں درجہ حرارت میں مثبت انحراف 3 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے برعکس بالائی پنجاب اور آزاد جموں و کشمیر اور خیبر پختونخوا کے ملحقہ علاقوں میں درجہ حرارت معمول سے قدرے کم رہا، جہاں منفی انحراف 3 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا۔





تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم





تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر 5 میں 1991–2020 کے عرصے کی بنیاد پر 1 سے 7 مئی کے دوران بارش کی اوسط موسمی جغرافیائی تقسیم کو ظاہر کیا گیا ہے۔ عام طور پر بالائی خیبر پختونخوا، بالائی پنجاب، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر میں 30 ملی میٹر تک معمول کی بارش ریکارڈ کی جاتی ہے۔ جبکہ جنوبی پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں عموماً موسم خشک رہتا ہے اور بارش نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ تصویر 6 موسمیاتی دورانیہ (1991–2020) کی بنیاد پر مئی کے پہلے ہفتے (1 تا 7 مئی) کے دوران پاکستان میں معمول کے اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم کو ظاہر کرتی ہے۔ ملک بھر میں معمول کا اوسط درجہ حرارت تقریباً 12 ڈگری سینٹی گریڈ سے 38 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ہوتا ہے۔ سندھ، جنوبی پنجاب اور بلوچستان کے بیشتر حصوں میں عموماً سب سے زیادہ اوسط درجہ حرارت ریکارڈ کیا جاتا ہے، جو 28 ڈگری سینٹی گریڈ سے 36 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ہوتا ہے۔ ملک کے جنوبی حصوں میں زیادہ درجہ حرارت جبکہ بالائی علاقوں میں نسبتاً کم درجہ حرارت ریکارڈ کیا جاتا ہے۔





تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم




تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر 7 میں NASA کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات کی بنیاد پر زمینی پانی کے ذخائر میں تبدیلیاں دکھائی گئی ہیں، جو 28 اپریل سے 4 مئی کے دوران مٹی میں نمی کی صورتحال کو طویل مدتی اوسط (1948–2012) کے مقابلے میں ظاہر کرتی ہیں۔ خشک سالی کی صورتحال کو فیصدی (percentile levels) میں دکھایا گیا ہے، جہاں کم درجے (سرخ رنگ) معمول سے خشک حالات کو ظاہر کرتے ہیں اور زیادہ درجے (سبز رنگ) معمول سے زیادہ نمی والے حالات کو ظاہر کرتے ہیں۔ بلوچستان، پنجاب اور جنوبی سندھ کے کچھ حصوں میں معمول سے زیادہ نمی ریکارڈ کی گئی، جو پانی کی بہتر دستیابی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کے برعکس مغربی بلوچستان، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور جنوبی پنجاب کے کچھ علاقوں میں معمول سے کم نمی دیکھی گئی، جو آبی دباؤ (water stress) کی نشاندہی کرتی ہے۔




تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

## 7 سے 14 مئی کے دوران موسم کی پیشنگوئی

07 تا 11 مئی 2026 کے دوران ملک کے جنوبی اور وسطی حصوں میں ہیٹ ویو کی صورتحال متوقع ہے، جبکہ بالائی علاقوں میں 08 تا 10 مئی کے دوران ہیٹ ویو کا امکان ہے۔ اس دوران ملک کے بیشتر حصوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کی توقع ہے، جبکہ سندھ، جنوبی پنجاب، اور بلوچستان میں شدید گرم موسم متوقع ہے۔ تاہم، بالائی پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر، اسلام آباد، اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں کہیں کہیں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ بالائی پنجاب اور خیبر پختونخوا کے بعض علاقوں میں گرد آلود ہوائیں اور آندھی بھی چل سکتی ہے۔ 11 اور 12 مئی کے دوران کشمیر اور بالائی خیبر پختونخوا میں کہیں کہیں موسلادھار بارش اور ژالہ باری کا امکان بھی موجود ہے۔ 13 اور 14 مئی کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں گرم اور خشک موسم برقرار رہنے کی توقع ہے، جبکہ شمالی پہاڑی علاقوں میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

MAY

2026

# WEEKLY WEATHER UPDATE





# WEEK-1

## 1st - 7th May

**National Drought Monitoring and Early Warning Centre**

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,

Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

**GOVERNMENT OF PAKISTAN**
**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
**(National Drought Monitoring Centre)**
**Islamabad**

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Dated: 11th May, 2026

# Weekly Weather Update

During the 1st week of May 2026 (1 to 7 May) light to moderate rainfall was observed in the upper parts of Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit Baltistan, Azad Jammu & Kashmir and Punjab, as illustrated in Figure 1. In contrast, Balochistan and Sindh remained predominantly dry. Figure 2 illustrates the departure of weekly rainfall from the normal (1991-2020) indicating that rainfall remained below normal across the country, particularly over Sindh, Balochistan, and some areas of Khyber Pakhtunkhwa, where negative rainfall departures reached up to -25 mm. In contrast, above-normal rainfall was recorded over parts of upper Punjab and adjoining northern regions where positive departures ranged from about 5 mm to 40 mm.





*Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)*





*Figure 2: Departure of Rainfall (mm)*

Figure 3 shows the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the first week of May 2026 (1-7 May). Mean temperatures ranged from approximately 12°C to 38°C across the country. Sindh, southern Punjab, and southern to western parts of Balochistan recorded the highest mean temperatures, ranging from 30°C to 38°C. The central and upper parts of the country received relatively low mean temperatures ranging from 12°C to 30°C. Figure 4 presents the departure of mean temperature from the climatological normal (1991-2020) across Pakistan during the first week of May 2026 (1-7 May). During this period, temperatures remained above normal over most parts of the country. Positive temperature departures of up to 3°C were observed in most parts of the country. In contrast, upper Punjab as well as the adjoining areas of AJK and KP, experienced slightly below-normal temperatures, with negative departures up to -3°C.




*Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)*




*Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)*

Figure 5 shows the climatological average spatial distribution of rainfall during 1-7 May based on the period **(**1991-2020**)**. The normal rainfall of up to 30 mm is typically received in upper KP, upper Punjab, GB and AJK. Meanwhile, southern Punjab, Sindh and Balochistan remains dry. Figure 6 shows the spatial distribution of normal mean temperature across Pakistan during the first week of May (1-7 May) based on the climatological period 1991-2020. The normal mean temperature across the country ranges from approximately 12°C to 38°C. Sindh, southern Punjab, and most parts of Balochistan normally experience the highest mean temperatures, ranging from 28°C to 36°C. Southern parts of the country record high temperatures whereas, the upper parts record relatively low temperatures.




Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)




*Figure 6: Spatial Distribution of normal temperature (°C)*

Figure 7 illustrates the anomalies in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, depicting soil moisture conditions during April 28 to 4 May, compared with the long-term average (1948-2012). Indicators of drought are presented in percentiles where lower percentiles (orange to red shades) represent drier-than-normal conditions and higher percentiles (green to blue shades) indicate wetter-than-normal conditions. Above-normal moisture levels were observed parts of Balochistan, Punjab and southern Sindh, indicating adequate water availability. Conversely, below-average moisture conditions were observed in western Balochistan, Khyber Pakhtunkhwa and Gilgit-Baltistan, and southern Punjab, indicating hydrological stress.





*Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)*

## Forecast for 8th to 14th May, 2026

Due to the presence of high pressure in the upper atmosphere, heatwave conditions are likely over southern and central parts of the country from 07 to 11 May 2026, while upper parts may experience heatwave conditions from 08 to 10 May. During this period, mainly hot and dry weather is expected across most parts of country, with very hot conditions in south Punjab Sindh, and Balochistan. However, isolated rain-wind/thunderstorms are likely in upper Punjab, KPK Gilgit Baltistan, Kashmir, Islamabad, and adjoining areas. Dust/windstorms may also occur in parts of upper Punjab and KPK. Isolated heavy rainfall and hailstorms are expected in Kashmir and upper KPK during 11-12 May. From 13 to 14 May, mainly hot and dry weather is likely to continue, while isolated thunderstorms may persist in northern mountainous regions.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php